أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*Auzo Billahi Minash Shaitan-ir-Rajeem*
*Bismillaahir Rahmaanir Raheem*

I seek Allah's protection from Satan, the accursed
In the Name of Allah, the All-beneficent, the All-merciful


اَللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ

*Allahumma salli 'ala Muhammadin wa alay Muhammad*

O' Allah send Your blessings on Muhammad
and the family of Muhammad

# بیاضِ کشور




بسم الله الرحمن الرحيم



(۸۶ ح)



# بیاضِ کشور

## الحاجہ سیّدہ کشور سلطانہ شاہ

ادارہ، کربلائی



کروں میں کیسے آپ کا شکریہ
غمِ حسین جو مجھے ورثے میں دیا

سیدہ دُرِ شہوار کاظمی ۔ برسبن

'Karun main kaisay aap ka shukria gham e Hussain jo mujhay virsay may diya'

Mrs. Syeda Dure Shahwar Kazmi (née Shah)

٣

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي
وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

*Qul 'inna salati wa nusuki wa mahyaya wa mamati lillahi rabbil aalamin.*

*162 Say, 'Indeed ,
my prayer and my worship,
my life and my death,
are for the sake of Allah,
the Lord of all the worlds.*

*Holy Qur'an Chapter 6 (Surah al-An'aam: The Cattle) Verses 162*

حَسْبُنَا ٱللَّهُ وَنِعْمَ ٱلْوَكِيلُ
نِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ

*Hasbunallahu Wa Ni'mal Wakeel,*
*Ni'mal Maula Wa Ni'man Naseer*

173 *..."God is Sufficient for us,*
*and He is an excellent trustee."*
40 *...An excellent master*
*and an excellent helper!*

*Holy Qur'an Chapter 3 (Surah al-Imran: The Family of Imran) Verses 173*
*Holy Qur'an Chapter 8 (Surah al-Anfal: The Spoils of War) Verses 40*

# INTRODUCTION:

Auzo Billahi Minash Shaitan-ir-Rajeem

*Bismillaahir Rahmaanir Raheem*

*Allahumma Salli 'ala Muhammadin wa alay Muhammad*

*As'salaam 'alaikum wa'rahma-tullahi wa'barakaa'tuh*

*Dilkish* was a word made up by my dear dad. A combination of the first 3 and 4 letters of his and my mother's name (Dilawar & Kishwar). This made-up name became a family 'crest' albeit in words.

My parents were born in the Punjab. With the partition of British India, in August 1947, their parents migrated to the Punjab in the newborn Muslim nation of Pakistan. Now, renamed the Islamic Republic of Pakistan.

My parents went to live in Nigeria (West Africa) from about 1967 to about 1990. My father worked as an Electrical Engineer – starting with ECN (Electric Corporation of Nigeria) in Lagos then NEPA (Nigerian Electric Power Authority) in Sokoto. He then worked mostly in the 'Cement Factory' - in the historic town of Sokoto (Northern Nigeria).

In Sokoto, and the nearby towns, there were very few families like us (perhaps 10 families - called 'foreigners,' or 'Aliens' - I vividly recall seeing my fathers 'Alien Certificate'!). They were from the same religious following and these families got together socially, especially to celebrate or commemorate religious events.

We belong to the Islamic School of thought- properly called the Ithna Ashari - Shi'a of Ali or simply, the 'Shi'a'. The 'Battle of Karbala' in 61 AD - where the grandson of the Holy Prophet Muhammad (pbuh), Imam Hussain (a.s) and few dear companions and close family members were brutally martyred - occurred in the first month of the Islamic lunar calendar - Muharram.

This (sacred) month is commemorated among the Shi'a, especially the first 10 days - with devotional majalis, rituals, lectures, and sermons - expounding this great defining historical event. A truly colossal event, decisively, delineating, and saving the true Islam - as taught and practised by the Holy Prophet Muhammed (pbuh).

A part of these commemorations, during majalis usually involves 'matam' a very Shi'a - ritualistic, often rhythmic self-flagellations, synchronised, with evocative vocals (Noha / Marsiya / Lathmia) that are read and chanted aloud - like a choir (perhaps akin to Christian hymns).

These (necessarily sad and emotive) eulogies describe the events or re tell of the scenes at the time of the Battle of Karbala and its sequel ramifications on the extended family and companions of the small band of surviving *Shia's*.

This book was crafted out of a necessity. In the days prior to the internet, computers, tablets and mobile phones, they relied on books, memorised texts or tape recordings. My father thought to hand write and compile, into a copy book, these oft used vocal tributes.

This is a polished version of his notebook – Beyaz e Kishwar

The Notebook of Kishwar.

And Allah Knows Best

Wa'alaikum salaam wa'rahma-tullahi wa'barakaa'tuh

سيد خاور حسين شاه



DILKISH

Hajj Dr Syed Khawar Hussain Shah
BSc (Hons), BMedSc, MBBS (Tas), FACRRM, FRACGP
(Brisbane - August 8th, 2022 / Muharram 10th, 1444 AH)

ACKNOWLEDGEMENTS :

All thanks are only to Almighty God, our Creator. In all ways and always.

I am humbled and grateful to our Rab, for enabling me to bring this work to fruition.

I am also blessed by the love and foresight of my marhumeen parents – a debt I can never ever repay. To live in the heart and soul of those you leave behind – is remarkable indeed. I thank them from the core of my being – because of their sacrifices - I am.

My sister (Mrs Syeda Dure Shahwar Kazmi – 'Shani') – the youngest and only girl in the brood; when I count my blessings – I count her twice!!

She very kindly made available and trusted me with the cherished book (given to her by our dear mum) for me to work with.

To all my brothers – you are all indeed a divine gift. I sincerely thank you all for your ongoing love, care and support.

My love for my three children has helped me immensely, and given me the reason to keep living. Truly my raison d'etre.

My brother-in-law - Hassan Kazmi, fluent in the Urdu language was a great help in preparing and proofreading this book. May Almighty Allah bless him abundantly.

My sincere gratitude to Brother Mushtaq Ali Momin (Ain Digytal Inc, Bombay, India) for doing a sterling job of photo shopping the original book into this much polished version. He is truly a genius in his profession. May Almighty Allah bless him, and his loved ones; abundantly and always.

I hope and pray that this work is thumbed very regularly.

FORWARD :

Auzo Billahi Minash Shaitan-ir-Rajeem

Bismillaahir Rahmaanir Raheem

Allahumma salli 'ala Muhammadin we alay Muhammad

As'salaam 'alaikum wa'rahma-tullahi wa'barakaa'tuh

My beloved parents lived in Nigeria, for about 23 years, (circa 1967 – 1990) mostly in the historic Northern Nigerian town of Sokoto.

I was born in Sokoto, (in February 1978) the youngest of 6 children and the only daughter.

These facts ensured a very protected and a very lovingly blessed childhood.

I was dotted upon by my entire family, especially my father (Alhaji Syed Dilawar Hussain Shah) I was my dear father's *Chi'riyah* (a sparrow – in the Urdu Language), and truly the 'apple of his eyes'.

Being essentially simple and pious folks, they led relatively wholesome and uncomplicated lives. As *Shi'a* Muslims, they adhered to their religious values and tried to impart cultural knowledge, religious morals mores, and great humanitarian ethics, onto their children. Just as they had inherited, from their parents.

I am indeed truly grateful and feel very blessed for all, what both my dear parents did for me.

May Almighty Allah forgive them, bless their souls, and grant them *Maghfirat* and a place among our *Ai'maah* in *Jannatul Firdous*.

Being the only girl in the family and alongside our mother, (Syeda Kishwar Sultana Shah) I used to recite *Noha* and *Manqabats* – during the sacred month of *Muharram*, commemorating the tragic events of Karbala.

In those days, prior to the internet, these recitations were essentially those that had been memorised and recited in our extended families' get-togethers. We recited those that my mother, had learned when she was perhaps my age – along with her mother and other maternal near relatives. This tradition had been followed for generations.

My dear dad – started to collate these *Marsiya*, *Noha*, *Salaams* and *Manqabats*, into a simple notebook. It was handwritten and in the Urdu language. He dedicated this to my mother, titled '*Beyaz e Kishwar*'. This roughly translates to 'Notebook of Kishwar'

Luckily, this much used and useful notebook was presented to me by my mother before she passed away, in Abbottabad (Pakistan, on 11th April 2010). Needless to say – a small memento – simply, a priceless possession and a much-cherished inheritance that I treasure.

My eldest brother (Dr Syed K. H. Shah), for the benefit of all our future generations, has preserved this book and given it a polished look.

May Almighty Allah, forgive and bless us all. Accept this as a '*Sadaqa Jariya*' for the *maghfirat* of our dear *marhumeen* parents

Please recite (once) *Surah al-Fatihah / Surah al-Hamd and* (three times) *Surah al-Ikhlas* – for all our dear *marhumeen*

And Allah Knows Best

Wa'alaikum salaam wa'rahma-tullahi wa'barakaa'tuh

سیدہ در شہوار کاظمی



Mrs. Syeda Dure Shahwar Kazmi (née Shah)
B.A., B.Ed., M.A. (Eng. Lit)
(Brisbane - August 8th, 2022 / Muharram 10th, 1444 AH)

## ABBREVIATIONS USED :

- **a.s:** Stands for *alay'his* '**s***alaam*, which translates to 'Upon him be blessings of peace. This salutation is a prayer for Prophets, Imams, and the male members of the Prophet's Family (the *Ahl al-Bayt*)

- **pbuh:** An abbreviation for **p**eace **b**e **u**pon **h**im and his progeny. This is a mandatory salutation for the last Prophet, whenever his blessed name is mentioned

# DEDICATION :

I dedicate this work to the next generation – my beloved nieces and nephews and my dear children.

May Almighty Allah protect them, bless them abundantly and guide them. All ways and always. Insha'Allah.

May they follow the straight path, (Siratul-Mustaqeem), the path of their noble ancestors, and be true 'Shi'a of Ali (a.s)'

- Ms Syeda Sakina Kishwar Shah
- Mr Syed Dilawar Hussain Shah
- Mr Syed Haider Hussain Shah
- Ms Aliza Shah
- Ms Anika Shah
- Dr Yasmin Shah BHlthSc, MD
- Dr Syed Haider Dilawar Shah BHlthSc, MD
- Ms Syeda Sajidah Sultana Shah
- Mr Syed Luqman Hussain Shah
- Ms Syeda Dure Shahwar Shah
- Mr Syed Ali Kazmi
- Ms Syeda Zahra Kazmi

۱۳

# I.N.D.E.X.

PAGE #


السلام علیک یا ابا عبداللہ ........ 22

ہم تو ہیں سوگوار محمدؐ کی آل کے ........ 23

محمدؐ کا گھرانہ کربلا کے بیابان میں ........ 24

کربلا آلِ نبی ہو کے جو مہمان گئی ........ 25

ویران جنگلوں میں رانڈوں کا کارواں ہے ........ 26

ڈوبی ہوئی لہو میں پیاسوں کی داستاں ہے ........ 27

لو وطن چھوڑ کے اولادِ علیؑ جاتی ہے ........ 28

بانو کا یہ ارمان تھا آباد مکان ہوگا ........ 30

قاسم و اکبر و عباس ذرا لیجیو خبر ........ 31

ہمارا کام ہے دنیا میں اس بے کس کا غم کرنا ........ 32

اصغر کا لہو جب نہ لیا ارض و سما نے ........ 34

آیا ہے علم اور علمدارؑ نہ آیا ........ 35

خوب کی آل کی توقیر مسلمانوں نے ........ 37

موت کو دے تو صدا صغراؑ ........ 39

اسلام کی ہے شان حسینؑ کا ماتم ........ 40

کس بے کسی سے نکلے اہلِ مدینہ گھر سے ........ 42

آج اٹھ گیا دنیا سے غریبوں کا سہارا ........ 44

جھولے کے مالک جھولا سجاؤ ........ 46

# I.N.D.E.X.

PAGE #


47........ کربلا والے ہمیں درسِ رضا دیتے ہیں

48........ کہا بانوؑ نے رو رو کر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

49........ خیموں میں العطش کی آواز الاماں

51........ ہم سے غمِ شبیرؑ بھلایا نہیں جاتا

52........ حسینؑ غم میں تیرے کائنات روتی ہے

53........ شبیرؑ نے سر دے کے اسلام بچایا ہے

55........ جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

57........ واہ ویلا واہ ویلا

59........ خواہرِ شاہِ کربلا زینبؑ

60........ اُجڑے ہوئے گھروں کے صغراؑ دیئے بجھا دے

61........ زینبؑ کا تھا بیاں غم اُٹھانے کو رہ گئی

63........ تیروں کے مقتل پہ وہ سجدہ شکر اللہ

64........ اے سرزمینِ کوفہ مہمان آ گیا ہے

65........ لٹے لٹے رو رو دیں دہائیاں

66........ ظلم کمایا شامیاں نے

67........ ذہرہ زہرہؑ پُرسہ لو شہیدوں کا

69........ یہ شام غریباں ہے غریبوں کا ہے یہ شام

70........ بے پردہ کوئی پردہ نشیں ہو نہ سفر میں

PAGE #


71 ........ کاش حسینؑ تے بابی سکینہؑ رو رو کہندی رہی اے

72 ........ ہائے اس دلیاں ماریا ویر غازی دین دا غازی

73 ........ سورج سے ذرا کہہ دو پردے میں چلا جائے

74 ........ گلشنِ زہراؑ پہ ہے فصلِ خزاں چھائی ہوئی

75 ........ دو جہاں میں آج ہے ماتم بپا شبیرؑ کا

76 ........ شبیرؑ چلے روتے ہوئے نانا کے گھر سے

77 ........ فریاد محمدؐ ملے علی سر ننگے زہرا جائیاں نے

78 ........ کربلا جا کے ہمیں شاہ سے کہنا ہے یہی

79 ........ قتلِ حسینؑ پہ کربلا

80 ........ مر گیا شبیر دریا پہ جا کر رن میں کس کو پکارے گی زینب

82 ........ مومنو حیدرِ کرارؑ کا ماتم کر لو

84 ........ تڑپ کر یاس و حسرت نے پکارا زینبؑ اے زینبؑ

86 ........ مومنو آج علمدار کا ماتم کر لو

87 ........ میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

89 ........ بازو کٹا کے حیدرؑ کرار مر گیا

92 ........ اونچا رہے اپنا علم

93 ........ عباسؑ ہے نام وفا

95 ........ علی اکبر بہت تھا تم کو پیارا زینبؑ اے زینبؑ

# I.N.D.E.X.

PAGE #


98 ....... قتلِ حسینؑ رہے آج قافلہ
99 ....... چھوٹے سے قریں آقا کے سرور پہ لگا رہے اے ہنسلیوں والے
100 ....... شہ کہتے تھے یہ لاشِ علمدار پہ رو کر
101 ....... زنداں میں چلی ہو گئے گرفتار سکینہؑ
103 ....... کربلا بسانے والے ذرا سامنے تو آ
104 ....... اے پاک بی بی زینبؑ تیرا کربلا میں جانا
105 ....... اسیر ہو کے چلی ہوں سلام اے بابا
109 ....... عباس علمدار اے عباس علمدار
110 ....... یہ کون مسافر جنگل میں سر اپنا کٹا کر سوتا ہے
111 ....... ہر اک نگاہ میں کیسے بنا گئے تم نے جبین عرش کے جلوے دکھا گئے تم نے
121 ....... بحضور باب الحوائج حضرت عباسؑ علمدار علیہ السلام
123 ....... یا شاہِ نجف میری مدد بہر خدا کر
135 ....... بحضور بارگاہ پنجتن پاک علیہ السلام
136 ....... پروردگار فاطمہؑ کے لال کی قسم
138 ....... اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانَ اللّٰہ
139 ....... نادِ علیؑ کا ورد جو کرتی چلی گئی
140 ....... یا علیؑ مشکل کشا ۔ کشا مشکل بہر خدا
142 ....... آ کر سلام کرتی ہے حکمت حلیم کی

I.N.D.E.X.

PAGE #


143........................................ ہے وردِ زبان حیدرِ قرار اِمامی

144........................................ جب کبھی سیرتِ انسان کا خیال آتا ہے

145........................................ دُعا برائے مومنین و مومنات

146........................................ قصیدہ علی علیہ السلام

147........................................ علیؑ کے نُور سے مُہر دانِ خُضر تجلّی گم

149........................................ خالق کو پسند آئیں دو بیش بہا چیزیں



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شاہ ہست حسینؑ و بادشاہ ہست حسینؑ

دین اُست حسینؑ و دین پناہ ہست حسینؑ

سر دَاد و نَداد دَست دَر دَستِ یزید

حقا کہ بنائے لا اِلہٰ ہست حسینؑ

# سلام
# اور نوحہ

سلام

السلامُ علیکَ یا اباعبدالله
السلامُ علیکَ یا ابن رسول الله

السلامُ علیکَ یا ابنِ فاطمه زهره سیده النسا العالمین
وَ رحمةُ الله وَ برکاتهُ

السلامُ علیکَ یا رسول الله
السلامُ علیکَ یا نور الله

السلامُ علیکَ لا الله الا سلطان ابوالحسن علی ابنِ موسی
وَ رحمةُ اللهِ وَ برکاتهُ

السلامُ علیکَ یا امام حسن و امام عصر الزمان
الامان ـ الامان ـ الامان
السلامُ علیکَ یا شریکِ القرآن
ورحمةُ الله وَ برکاتهُ

٭ ہم تو ہیں سوگوار محمدؐ کی آل کے

حسنؑ و حسینؑ فاطمہ زہراؑ کے لال کے

٭ ہر شخص کہہ رہا ہے ہمارے حسینؑ ہیں

لیکن کہاں وہ لوگ حسینی خیال کے

٭ لیلیٰ نے نذر کر دیا اپنے فلک کا چاند

اٹھارہ سال مہر و محبت سے پال کے

٭ روندہ گیا ہے گھوڑوں کی ٹاپوں سے جسم زر

سولا پسر کی لاش اُٹھانا سنبھال کے

٭ حیدرؑ کا لاڈلا تھا کیا جس نے شکرِ حق

اپنے پسر کے سینہ سے برچھی نکال کے

★ محمدؐ کا گھرانہ کربلا دے بیابان میں

قیامت کی خزاں آئی ہے زہراؑ کے گلستاں میں

★ جو لوٹا کربلا میں تو مسلمانوں نے لیا لوٹا

علیؑ کی بیٹیوں کی چادریں آئی ہیں ساماں میں

★ زمین کربلا اس کو ذرہ آرام سے رکھنا

سُلا دیا ہے علی اصغر کو شاہ نے تیرے داماں میں

★ محمدؐ کے گھرانے پر یہ کیسا انقلاب آیا

علیؑ کی بیٹیاں ہیں شام کے تاریک زنداں میں

★ کہاں ہو تم علی اکبرؑ ذرہ آواز دے دینا

اکیلا رہ گیا ہے فاطمہ کا لال میداں میں

## کربلا آلِ نبیؐ ہو کے جو مہمان گئی

ساتھ خود روحِ نبیؐ سیدِ ذیشان گئی

پانی پانی کی صدا ارض و سما میں گونجی

ہائے پانی کیلئے ننھی سی وہ جان گئی

سال اٹھارواں کیا راس نہ آیا اکبرؑ

خلق سے شکلِ پیمبرؐ کے ارمان گئی

مانگی اکبرؑ نے رضا رن کی تو زینبؑ نے کہا

داغ پہ داغ دیئے جاتے ہو میں جان گئی

لبِ دریا پہ محمدؐ کا نواسہ پہنچا

ذبح کرنے کو اسے فوجِ مسلمان گئی

ویران جنگلوں میں رانڈوں کا کارواں ہے

وہ بارہ گردنیں ہیں اور ایک ریسماں ہے

سہمی ہوئی رسن میں شہزادیاں عرب کی

ننھے سے اک مجاہدِ شبیر کی یہ ماں ہے

چھیننے لگے ہیں گوہر مارے گئے طمانچے

بُلوا لو لاڈلی کو عباسؑ تو جہاں ہے

فریاد کیا کریں ہم کوئی نہیں ہے مولا

سوکھی ہوئی دہن میں ہر ایک کی زباں ہے

★ ڈوبی ہوئی لہو میں پیاسوں کی داستاں ہے

دشمن ہوئے مسلمان بے درد آسماں ہے

★ بانو سنبھال لینا اکبرؑ کی لاش جاکر

شبیرؑ ہیں اکیلے میت بڑی جواں ہے

★ اصغرؑ کا حال جاکے اے نامہ بر نہ کہنا

دم توڑ دے گی صغریٰؑ بیمار و ناتواں ہے

★ شمر لعین چلائی شمشیر کس گلے پر

زہراؑ کے دل پہ ظالم خنجر تیرا رواں ہے

★ بے گور و بے کفن ہیں آلِ نبیؐ کی لاشیں

تفسیر رو رہی ہے قرآن نوحہ خواں ہے

★ لو وطن چھوڑ کے اولادِ علیؑ جاتی ہے

ساتھ ہی روحِ محمدؐ بھی چلی جاتی ہے

★ لو صاحب اولاد ذرہ یہ بتادیں للہ

خون فرزند کی مہندی بھی ملی جاتی ہے

★ بے وطن ہم سیدوں کو کوئی بتادے لوگو

اے یتیموں یہ مدینے کو گلی جاتی ہے

★ پھر کبھی مجبور رہے بے بس بے خبر لینا حسینؑ

قیدِ تنہائی میں نازوں کی پلی جاتی ہے

★ کسی خاتون نے زینب سے کہا اے بی بی

صبح عاشورہ ہے اور رات ڈھلی جاتی ہے

٭ شائد تڑپ تڑپ کر اصغرؑ نے جان دے دی

پتھرا گئی ہیں آنکھیں نکلی ہوئی زباں ہے

٭ خوں میں تڑپ رہے ہے کڑیل جوان بیٹا

اے درد دِ دل سنبھلنا یہ وقتِ امتحاں ہے

٭ تا بہ حت جس کی ماں کا اغیار نے نہ دیکھا

بے پردہ بے ردا وہ لاشوں کے درمیاں ہے

٭ بازو بندھے ہوئے ہیں زینبؑ ہے سر برہنہ

کون آئے اب مدد کو عباسؑ اب کہاں ہے

٭ جلتی ہوئی رسن میں بنتِ رسولؐ نکلی

محمل نہیں میسّر بیمار سارباں ہے

٭ بانو کا یہ ارماں تھا آباد مکاں ہوگا

اک روز وہ دن ہوگا اصغرؑ بھی جواں ہوگا

٭ آغوش میں رہتے تھے کیوں گور پسند آئی

وہاں خاک کا بستر ہے آرام کہاں ہوگا

٭ لوگو میرے بچے کو مدفن سے اٹھا لاؤ

وہاں دھوپ کی شدت ہے بے تاب وہاں ہوگا

٭ لاش آئی جب اصغرؑ کی ماں رو کے یہ کہتی تھی

بیٹا تجھے موت آئی اب کون جواں ہوگا

٭ بے شیر کی تربت پر یہ بین تھے مادر کے

صغراؑ جو تمہیں پوچھے کیا میرا بیاں ہوگا

قاسم و اکبر و عباس ذرا لیجیو خبر
سر سے زینب کے ردا آج چلی جاتی ہے

قید خانے کی زمیں اتنا تجھے یاد رہے
تیرے دامن میں سکینہ کو سلائے جاتی ہے

سر چڑھایا ہے لعینوں نے سرِ نوک سنا
اس سے قرآں کی تلاوت کی صدا آتی ہے

چھید کر سینۂ اکبر کو لعیں کہتے تھے
یہ تو تصویر محمدؐ کی نظر آتی ہے

شمر خنجر لئے بیٹھا ہے سرِ دوشِ رسول
ہائے زہراؑ کی کمائی بھی کٹی جاتی ہے

★ ہمارا کام ہے دنیا میں اس بے کس کا غم کرنا

کہ جس پہ اہلِ کوفہ فرض سمجھے تھے ستم کرنا

★ کہا عابد سے یہ شاہ نے ہمارے بعد اے بیٹا

پہن کر بیڑیاں شکرِ خدا ہر ہر قدم کرنا

★ نہ دیکھے سر کھلے کوئی چھنیں جب چادریں سر سے

غبارِ دست تو ہی پردہ داریٔ حرم کرنا

★ کہا عباسؑ سے شاہ نے اگر جاتے ہو دریا پر

تو غربت میں کمر بھائی کی اے بھائی نہ خم کرنا

نہ کرنا قید میرے بعد قاتل سے کہا شاہ نے

خیالِ حرمتِ آلِ نبیؐ تو کم سے کم کرنا

شاہِ دیں شمرِ لعیں سے کہتے تھے اتنی دیر ٹھہر ظالم
بہن ہٹ جائے بالی سے تو میرا سر قلم کرنا
کہو اے کلمہ گوؤ کیا یہی حکمِ شریعت تھا
نبیؐ زادوں پہ واجب کر دیا ظلم و ستم کرنا

## اصغرؑ کا لہو جب نہ لیا ارض و سما نے

جبرے پہ ملا خون شہِ کرب و بلا نے

تو ننھی سی تربت میں رہو اور اکیلے

گھبراؤ نہ اے لال میرے ماں کو رُلانے

مقتل سے وہ بے پردہ ردا پیٹتی روتی

ماں آئی ہے روٹھے ہوئے اصغرؑ کو منانے

یہ کہہ کے پڑھی فاتحہ اور اُٹھ کھڑے مولا

وقت آگیا سجدہ میں گرے سر کو کٹانے

ننھی سی زباں پھیر کے ہونٹوں پہ دکھا دی

گر گھونٹ نہ پانی کا دیا قومِ جفا نے

## آیا ہے علم اور علمدارؑ نہ آیا

گھوڑے سے گرے زین سے اسوار نہ آیا

کچھ تیر لگے مشک پہ اور بہہ گیا پانی

دریا سے دلِ حیدرِ کرارؑ نہ آیا

پیاسے لیئے رُک گئی دریا کی روانی

چُلو میں لیا اور نہ پیا نہر کا پانی

ایسا کوئی پھر صاحبِ کردار نہ آیا

دریا پہ قلم ہو گئے عباسؑ کے شانے

شبیرؑ گئے لاشِ علمدارؑ اُٹھانے

بازو تو اُٹھا لائے وفادار نہ آیا

یاد آئیں گے عمّو جو کبھی پانی پیئے گی

کوثر پہ پہنچ کر ہی تیری پیاس بجھے گی

اے دخترِ شاہ کوئی تیرا غمخوار نہ آیا

★ خوب کی آل کی توقیر مسلمانوں نے

چھین لی چادرِ تطہیر مسلمانوں نے

جس جگہ کے لیا کرتے تھے محمدؐ بوسے

اُس جگہ پھیر دی شمشیر مسلمانوں نے

قید کی احمدِؐ مرسل کی نواسی پیاسی

شاہِ مظلوم کی ہمشیر مسلمانوں نے

گھیر کے ختم کرو سلسلہ یہ آلِ نبی

مل کے یہ سوچ لی تدبیر مسلمانوں نے

بس نہ کی مار کے لاشوں پہ شہیدوں کے غضب

گھوڑے دوڑا دیئے بے پیر مسلمانوں نے

شاہ دیں کہتے تھے افسوس مِٹا دی رن میں
اے پیمبرؐ تیری تصویر مسلمانوں نے

کس لئے چھید دیا حلق ترا اے اصغرؑ
دیکھ لی کیا تیری تصویر مسلمانوں نے

ہائے سجادؑ کو ناقوں پہ پھرایا در در
ڈال کے باہوں میں زنجیر مسلمانوں نے

ہل گیا عرشِ علا قبرِ رسولؐ دوسرا
مارے بے شیر کو جب تیر مسلمانوں نے

آگ شبیرؑ کے خیموں میں لگادی کے لُٹ کے
پھونک دی خلد کی جاگیر مسلمانوں نے

نام ہی نام ہے تکبیر کا شبیرؑ کے بعد
ذبح کر ڈالی ہے تکبیر مسلمانوں نے

★ موت کو دے تو صدا - صغراؑ

نہیں رہے تیرے جینے کے دن

باباؑ کا سر کٹ گیا صغراؑ

اکبرؑ تھے شیر جواں - سال تھا اٹھارواں

چھلنی سینہ ہو گیا - صغراؑ

نہیں رہے تیرے جینے کے دن

عباسؑ کے بازو کٹے - اصغرؑ کو تیر لگا

زینبؑ کی چھینی ردا - صغراؑ

نہیں رہے تیرے جینے کے دن

قاسمؑ تھے کم سن جواں - شاہِ حسنؑ کا نشاں

ٹکڑے بدن ہو گیا - صغراؑ

نہیں رہے تیرے جینے کے دن

۴۰

# اسلام کی ہے شان حسینؑ کا ماتم

چودہ سو برس سے دنیا میں ہے قائم

اسلام ہے حسینؑ حسینؑ ہے اسلام

چودہ سو برس سے دنیا میں ہے قائم

اسلام کی کھیتی کو آباد کیا شاہ نے

اسلام کو ڈوبنے سے مولا نے بچایا ہے

سجدہ میں سر کٹایا گھر بار کو لٹایا

اس واسطے شیعوں میں فریاد ہے اور ماتم

حسینؑ کا احسان اُمت پہ مسلمانوں

شبیرؑ نے اُمت کو اسلام سکھایا ہے

یوں خالق اکبر نے شبیرؑ کو ہے لوگو

کل اپنی خدائی کا مختار بنایا ہے

اِس مجلس عزا میں جو روتے ہیں رُلاتے ہیں

فرمایا پیغمبر نے وہ لوگ بہشتی ہیں

اِسلام کی ہے شان حُسینؑ کا ماتم

۴۲

## کس بے کسی سے نکلے اہل مدینہ گھر سے

پردیس میں مسافر آب و غذا کو ترسے

برباد کر کے چھوڑا گلزارِ پنجتن کو
ظلم و ستم کے بادل کیوں کربلا میں برسے

وہ عالمِ ضعیفی، کڑیل جوان بیٹا
نیزہ نکالا کیوں کر شبیرؑ نے جگر سے

بے تاب ہو کے تڑپی اکبرؑ کی لاش رن میں
نہ جانے کیا کہا تھا صغراؑ نے نامہ بر سے

وہ بے بسی کا عالم حسرت بھری نگاہیں
اصغرؑ لپٹ کے روئے جب بازوئے پدر سے

بے شیر کے در آیا تقدیر ہی نرالی

پانی کی تھی تمنا اصغرؑ پہ تیر برسے

ناموسِ مصطفےٰ کی تشہیر کیوں روا کی

یہ کلمہ گو مسلماں کیسے تھے بے خبر سے

بازو بریدہ لاشہ اک رہ گیا تڑپ کر

چھینی گئی جو چادر بنتِ علیؑ کے سر سے

افسوس ہے سکینہؑ زنداں سے مر کے نکلی

سہمی ہوئی تھی بی بی شمرِ لعیںؑ کے ڈر سے

پردیسیوں کی آہیں بے وارثوں کے آنسو

کہہ رہے تھے شمسی عاشور کی سحر سے

★ آج اُٹھ گیا دُنیا سے غریبوں کا سہارا

لے لیتا ہوا ڈوب گیا صبح کا تارا

میت پہ حسینؑ اور حسنؑ کا یہ بیان تھا
بابا نہیں دُنیا میں تو پھر کون ہمارا

زینبؑ نے کہا پھر مجھے اِک بار دکھا دو
اب لوٹ کے بابا نہیں آئیں گے دوبارہ

افسوس کہ خود ڈوب گیا آب گہر میں
وہ جس نے کہ اسلام کی کشتی کو ابھارہ

یہ شان تو دیکھے کوئی اللہ کے گھر سے
اللہ کے گھر جاتا ہے اللہ کا پیارا

کوفہ میں یہ غُل ہے کہ زمانے سے اُٹھا آہ

رانڈوں کا نگہبان یتیموں کا سہارا

چھائی ہے سیاہی در و دیوارِ حرم پر

ڈوبا ہے وہ ایمان کا پُرنور ستارا

اُنیسویں کی شب تو قیامت سے نہیں کم

ہے سرِ حیدرؑ ہُوا سجدہ میں دوپارہ

لبيك حسين

LABBAIK YAA HUSSAIN

بأبي أنت وأمي ونفسي يا أبا عبد الله

BE ABI ANTA WA UMMI WA NAFSI
YAA ABA ABDILLAH

## ★ جھولے کے مالک جھولا سہاؤ

رُوٹھو نہ بیٹا گودی میں آؤ

میں لوری سناؤں گی دھیرے دھیرے

آنکھوں کے تارے تم مسکراؤ

یہ کرتہ تمہارا رنگین کیوں ہے

اے جانِ مادر سمجھاتے جاؤ

★ کربلا والے ہمیں درسِ رضا دیتے ہیں

تیر پہ تیر بھی کھا کر یہ دُعا دیتے ہیں

ہم نہ مانگیں گے کبھی پانی چچا لوٹ آؤ

خشک ہونٹوں سے یہ معصوم صدا دیتے ہیں

قید در قید کہ سونے بھی نہ پائیں عابدؑ

جب وہ سوتے ہیں تو زنجیر ہلا دیتے ہیں

دیکھو نانا تیری اُمت کو ذرہ خوف نہیں

ہم کو مہمان بُلا کر یہ صلہ دیتے ہیں

کربلا والے ہمیں درسِ رضا دیتے ہیں

تیر پہ تیر بھی کھا کر یہ دُعا دیتے ہیں

★ کہا بانو نے رو رو کر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

تمہیں ڈھونڈوں کہاں جا کر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

کیا پہلو میرا ویراں، بسایا دشت کا داماں

خفا مجھ سے ہوئے دلبر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

نہ کچھ اے لال فرمایا، پتہ ماں کو نہ بتلایا
تجھے ڈھونڈوں کہاں جا کر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

گئے تھے پانی پینے کو نہ یہ معلوم تھا مجھ کو
وہاں سے آ گئے مر کر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

گلے پہ زخم ہے کاری لہو اب تک ہے جاری
بھرا ہے چاند سا پیکر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

یہ خالی ہے تیرا جھولا کلیجہ پھٹتا ہے میرا
جھلائے کس کو یہ مادر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

نہ اپنے ساتھ بھی لاتی تمہیں دادی کو دے آتی
بہت پچھتائی ہوں لا کر علی اصغرؑ علی اصغرؑ

★ خیموں میں العطش کی آواز الاماں

بچے تڑپ رہے ہیں بے تاب بیبیاں

خیموں میں العطش کی آواز الاماں

تیرے بغیر اصغر کیسے میں چین پاؤں
ممتا پکارتی ہے آ گود میں سلاؤں
مٹی میں سو رہے ہے اے لال تو کہاں

خیموں میں العطش کی آواز الاماں

کیسی بنا کے دلہن لائے ہو کھولو قاسم
شادی کسی پہ ہوتا دیکھا نہیں ہے ماتم
بنرے کی لاش پر ہیں بنری کی سسکیاں

خیموں میں العطش کی آواز الاماں

کچھ تو بتاؤ لوگو اس کا قصور کیا ہے
للہ اسے نہ مارو رانڈوں کا آسرا ہے

کانٹوں پہ چل رہا ہے بیمار ساربان

خیموں میں العطش کی آواز الاماں

لو الوداع صغرا بن سے آواز آئی
میرا جوان بیٹا لیلیٰ نے دی دہائی
نکلا میرا کلیجہ، کھینچی جو برچھیاں

خیموں میں العطش کی آواز الاماں

مشکیزہ لے کے غازی تیار ہو رہے ہیں
باہیں گلے میں ڈالے شبیر رو رہے ہیں
لو جا رہا ہے زینب پردے کا پاسبان

خیموں میں العطش کی آواز الاماں

سر کھول کے لحد میں کیوں نہ بتول روئے
سر پیٹتی ہیں حوریں لئے رسول روئیں
پھرتی ہیں سر برہنہ - زہرا کی بیٹیاں
خیموں میں العطش کی آواز الاماں

ہم سے غمِ شبیرؑ بھلایا نہیں جاتا

یہ داغ کلیجے کا مٹایا نہیں جاتا

کہتے ہیں علمدارؑ کہ دے موت خدایا

منہ پیاسی سکینہؑ کو دکھایا نہیں جاتا

بولے علی اکبرؑ ذرا آکر تو سنبھالو

برچھی کو کلیجے سے کیوں نکالا نہیں جاتا

بے مثل ہے شبیرؑ کا یہ کام زمانے

تلوار تلے سر کو جھکایا نہیں جاتا

اتنے تنِ شبیرؑ میں ہیں تیر نمایاں

بچی کو بھی سینے سے لگایا نہیں جاتا

## حسینؑ غم میں ترے کائنات روتی ہے

نکل کے روتا ہے دن، چھپ کے رات روتی ہے

تو کس طرح سے لٹا کربلا میں ابنِ علیؑ
تیری غریبی پہ دنیا اشکبار ہوتی ہے

جناب سلمیٰؑ نے زینبؑ سے حالِ شام سنا
رسول زادی کی ہر بات بات روتی ہے

حسینؑ لائے بھتیجے ابنِ حسنؑ کے لاشے کو
دلہن کو دیکھ کے ساری بارات روتی ہے

پلانے پانی چلے جب حسینؑ اصغرؑ کو
رباب خیمے کی تھامے قنات روتی ہے

حسین غم میں ترے کائنات روتی ہے
نکل کے روتا ہے دن، چھپ کے رات روتی ہے

۵۳

★ شبیرؑ نے سر دے کے اسلام بچایا ہے
خنجر کے تلے حق کا پیغام سنایا ہے

افسوس لعینوں نے توقیر نہ کی اس کی
احمدؐ نے جسے اکثر کاندھے پہ چڑھایا ہے

مخدومۂ عالم کی آغوش کے پالے کا
سر تن سے جدا کر کے نیزہ پہ چڑھایا ہے

نیزے پہ جو سر دیکھا جبرئیلؑ امین بولے
کرتا جو تلاوت ہے یہ سر کس کا خدایا ہے

قدرت نے یہ فرمایا ٹکڑا ہے رسالت کا
شبیرؑ ہے نام اس کا گھر جس نے لٹایا ہے

زینبؑ نے دعا مانگی ہے خمیرِ خداوندا

دربار میں سر ننگے ظالم نے بلایا ہے

ایماں کی قسم ایماں ملتا ہے اسی در سے

اس در نے زمانے کو انسان بنایا ہے

**جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا**

سر کٹ گیا حسینؑ علیہ السلام کا

زینب کی چھاتی دیکھ کے گھوڑے سے لپٹ گئی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

فریاد کرنے آئی ہے بیٹی بتولؑ کی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

اگلے سموں سے بالی سکینہؑ لپٹ گئی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

ساری کمائی لٹ گئی آلِ رسولؑ کی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

پیٹھوں سے اُس کے تیر تھی کوئی نکالتی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

تھی ریزہ ریزہ شیر کا کوئی سنبھالتی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

خشکی میں غرق ہو گئی کشتی بتولؑ کی

جب خالی گھوڑا خیمے میں آیا امام کا

واہ ویلا واہ ویلا

لٹے شہید کربلا

واہ ویلا واہ ویلا

بیبیاں ہو گئیں بے ردا

واہ ویلا واہ ویلا

زینب ہوگئی بے ردا

واہ ویلا واہ ویلا

سہرے لُٹے کربلا

واہ ویلا واہ ویلا

خالی آیا ذوالجناح

واہ ویلا واہ ویلا

خیمے لُٹے کربلا

واہ ویلا واہ ویلا

پیاسے مارے کربلا

واہ ویلا واہ ویلا

سیّد مارے بے خطا

واہ ویلا واہ ویلا

خیمے دیئے سب جلا

واہ ویلا واہ ویلا
اے اسیرِ کربلا
واہ ویلا واہ ویلا
اے شمر تو بے حیا
واہ ویلا واہ ویلا
کوفیوں نے کی دغا
واہ ویلا واہ ویلا
اے غریبِ بے نوا
واہ ویلا واہ ویلا
چل گیا خنجر واہ ویلا
واہ ویلا واہ ویلا
یا محمد مصطفیٰ
واہ ویلا واہ ویلا
یا علی مرتضیٰ
واہ ویلا واہ ویلا
یا جنابِ سیدہ
واہ ویلا واہ ویلا
ہے ہے ظلم کربلا
کشتۂ خنجر واہ ویلا

خواہرِ شاہِ کربلا زینب(س)

دوسری تُو ہے فاطمہ زینب(س)

شہ نے سر دے کے تُو نے دے کے ردا

فتح کی جنگِ کربلا زینب

بھائی عباسؑ تو تھے جانِ وفا

تُو وفاؤں کی انتہا زینب(س)

تُو نے دینِ حسینؑ کوفے میں

سر کیا یہ مقابلہ زینب(س)

بال بکھرا کے اپنے چہرے پر

تُو نے پردہ سکھا دیا زینب(س)

## ✶ اُجڑے ہوئے گھروں کے صحرا دئیے دکھائے

کرتی رہی چراغاں روضہ پہ مصطفیٰ کے

زہرہ کا چاند چمکا کرب و بلا میں آ کے

ٹوٹے کہاں ستارے الشمس والضحیٰ کے

قاسم کے سر پہ سہرا پہنا گئی جوانی

طوبیٰ کی چند کلیاں کچھ پھول اِنّما کے

ناموسِ مصطفیٰ کے پاؤں میں بیڑیاں تھیں

سجاد کے گلے میں تھے طوق حسبنا کے

## زینبؑ کا تھا بیاں غم اُٹھانے کو رہ گئی

میں بدنصیب خاک اُڑانے کو رہ گئی

بھائی کو دوں کہاں سے کفن بے ردا ہوں میں

میت پہ خالی اشک بہانے کو رہ گئی

منزل پہ سارے قافلے والے چلے گئے

اس عمر میں میں ٹھوکریں کھانے کو رہ گئی

گودی میں پال پال کے جن کو بڑا کیا

صحرا میں انکی قبر بنانے کو رہ گئی

کیا جا کے اب کہوں گی جو پوچھے گی بابؑ کو

صغراؑ کو میں یہ شکل دکھانے کو رہ گئی

# نوٹ

العباس عليه السلام

# AS SALAMO ALAIKA YAA ABBAS (a.s)

السلام عليك يا باب المراد

# AS SALAMO ALAIKA YAA BABUL-MURAAD

* تیروں کے مصلے پر وہ سجدۂ شکر اللہ

شبیرؑ نے سکھایا اسلام پہ مر جانا

سوچو تو مسلمانو یہ بات کوئی کم ہے

احمدؐ کے نواسے کا کربل میں جو لٹ جانا

چادر وہ سروں کی تھی سورج نے بھی نہ دیکھا تھا

بازار میں زینبؑ کو سر ننگے لئے جانا

★ اے سرزمینِ کوفہ مہمان آ گیا ہے

نوکِ سناں پہ چڑھ کے سلطان آ گیا ہے

دلبندِ مصطفیٰ[۴] دا عزت ایدی ودھاؤ

سب کوٹھیاں تے چڑھ کے کھلاں دا مینہ وساؤ

اے سرزمین کوفہ مہمان آ گیا ہے

سر کو بلند کر کے ذی شان آ گیا ہے

★ آلِ عبا کا لوٹ لیا کارواں کہاں

گلزارِ اہلبیت پر آئی خزاں کہاں

یا مرتضےٰ[۲۸] ردائیں بھی اُس نے چھین لیں

اب جا کے سر چھپائیں تیری بیٹیاں کہاں

★ ہائے ہائے رو رو دین دہائیاں

علی نبی دی جائیاں

علیؑ نبیؐ دی اکھیاں دے تارے
ہائے شہید ہوگئے جد سارے

ملکاں دے وچ پئی پکار اے
غم دی بدلیاں چھائیاں

علیؑ جنہاں نوں گود کھلایا
نبیؐ جنہاں نوں کاندھے چایا

نازک وقت انہاں تے آیا
رب دیاں بے پرواہیاں

ظالماں کتیاں الٹی کاراں
جو سن بیبیاں پردے داراں
پردے لاکے وچ بازاراں
ننگے سر پھرایاں

## ظلم کمایا شامیاں نے

ہائے ظلم کمایا شامیاں نے
تیری قدر نہ پائی شامیاں نے

ہائے ہائے میرے ویر حسینا
ماریوں بے تقصیر حسینا
تیری قدر نہ پائی شامیاں نے

نالے تیرے بچڑے مارے
نالے تیرے خیمے ساڑے
تیری قدر نہ پائی شامیاں نے

تیرا درد ودھایا شامیاں نے
ہائے ظلم کمایا شامیاں نے
تیری قدر نہ پائی شامیاں نے

## ذرہ ذرہ ترسے کو شہیدوں کا

پامال ہوئے قاسمؑ تم گھوڑوں کی ٹاپوں سے

کس طرح چچا تیری میت کو اٹھائے گا

ذرہ ذرہ قاسمؑ کا بھی ترسے کو

تھا شانوں کے کٹنے کا کچھ غم نہ دلاور کو

سیدانیوں کا پردہ اب کون بچائے گا

ذرہ ذرہ عباسؑ کا ترسے کو

ٹوٹی ہے کمر شہ کی گھبرانا نہیں اکبرؑ

فرزند نبیؐ تیرے لاشے کو اٹھائے گا

ذرہ ذرہ اکبرؑ کا بھی ترسے کو

اصحاب نے دم توڑا شبیرؑ کے زانو پر

کس زانو پہ سر اپنا شبیرؑ کٹائے گا

زہرا زہرا شبیرؑ کا بہتا ہے لہو

سرورؑ نے اُٹھائی تھیں سب ساتھیوں کی لاشیں

شبیرؑ تیرا لاشہ اب کون اُٹھائے گا

زہرا زہرا لُٹا ہے لو شبّرؑ کا

٦٩

★ یہ شام غریباں ہے غریبوں کی ہے یہ شام

کچھ بیبیاں بیٹھی ہیں کھلے بال سرِ عام

یوں اُنکا اثاثہ (؟) لوٹا کیوں نام

اندھیرا ہوا جاتا ہے اس شام کا انجام

زنجیروں میں جکڑے ہوئے سجادؑ کو دیکھو

بال کھولے ہوئے زینبِ برباد کو دیکھو

لوٹی ہوئی زینب تیری تقدیر یہی تھی

ناشادی، بربادی و تشہیر لکھی تھی

تو صاحبِ تطہیر تھی تقصیر یہی تھی

افسوس کہ تو قابلِ زنجیر نہیں تھی

## بے پردہ کوئی پردہ نشیں ہو نہ سفر میں

یارب نہ جلے آگ کسی پیاسے کے گھر میں

ناسور پڑے ہجر کے سر سے نہ جگر میں

برباد نہ ہو گود کوئی کُٹیا تین پہر میں

بھائی کا کٹے حلق نہ شمشیر کے آگے

پر زور کسی کا نہیں تقدیر کے آگے

★ لاشے حسینؑ تے بالی سکینہؑ رو رو کہندی رہی اے

دکھڑے بابا قیدی بنکے زینبؑ جاندی پئی اے

جگر حسن دا پارے ہویا تیراں کھلاں وچ گسر دیا

ایہے پاک لہو دی مہندی قاسمؑ نوں لگ گئی اے

یثرب دے ول رائے جاسی صحراں توں پیغام پہنچاسی

برچھی تیرے ویر اکبرؑ دا چیر کلیجہ لئی اے

چن بچڑا بن ہوش سنبھالس امت اگاں لائیاں نے

وچ بےہوشی عابد تائیں رسّی اے گل پئی اے

بانو وین کرے دے اصغرؑ شام پئی گھر آئیں نہ

ریتے گرم دی قبر اندھیری توں بچڑا مل لئی اے

کٹھے سن رلیاں ماریاں ویر نمازی دین دا غازی
میرے ویر عباسؑ تے مک گئی حد وی وفا دی

کٹھے سی رلیاں ماریاں ویر نمازی دین دا غازی

بابا وی روندا اے ۔ نانا وی روندا اے
کھوے حسنؑ بھرا وی کہندے ۔ کٹھے روندے ماں زہراؑ وی

کٹھے سی رلیاں ماریاں ویر نمازی دین دا غازی

جدوں وی قیدی شام وچ آئے
شامیاں نے مل پتھر وسائے ہر کوئی آکھے قیدی نے

کٹھے سی رلیاں ماریاں ویر نمازی دین دا غازی

آکھوں شام دا بازار تے دھی زہراؑ دی
میرے ویر عباسؑ تے مک گئی حد وی وفا دی

کٹھے سی رلیاں ماریاں ویر نمازی دین دا غازی

★ سورج سے ذرا کہہ دو پردے میں چلا جائے

زینبؑ کی اسیری کا افسانہ کہا جائے

اے ثانیٔ زہراؑ منہ بالوں میں چھپا لینا

تطہیر کی چادر کو جب چھین لیا جائے

پہرے تھے لعینوں کے دریا کے کنارے پر

دارین کے والی کو پانی نہ دیا جائے

تھا حکم امامت کا دریا پہ رہے غازی

پہنے ہوئے زنجیریں سجادؑ چلا جائے

گلشنِ زہراؑ پہ ہے فصلِ خزاں چھائی ہوئی

آسماں پہ غم کی ہے کالی گھٹا چھائی ہوئی

اُس کو رونے حسینؑ کا کوئی بھی نہیں تھا نوحہ گر

لاشۂ شبیرؑ پہ زینبؑ ہیں آج آئی ہوئی

مجھ کو تنہائی ڈراتی ہے سکینہؑ نے کہا

ہر طرف زنداں میں ہیں تاریکیاں چھائی ہوئی

قاصدِ صغراؑ سے یہ رو کر کہا شبیرؑ نے

جاگ لینے دو جوانی کی ہے نیند آئی ہوئی

دو جہاں میں آج ہے ماتم بپا شبیرؑ کا

معجزہ لیتے ہیں اسکو زینبِ دلگیر کا

بے کفن کرب و بلا میں کیوں رہی لاشِ حسینؑ

کیا کفن کافی نہیں تھا چادرِ تطہیر کا

قیدیوں کا قافلہ سب منزلیں طے کر چکا

شام کی راہوں میں اب تک شور ہے زنجیر کا

## شبیرؑ چلے روتے ہوئے نانا کے گھر سے ٧٦

اب لوٹ کے آئیں گے نہ کربل کے سفر سے

شبیرؑ جہاں جاؤ گے ماں ساتھ رہے گی

دل سوز صدا آتی ہے زہرا کی قبر سے

مجبور ہوں بھیا مرے ناراض نہ ہونا

پردیس میں ہمشیر کفن لائے کہاں سے

## فریاد محمدؐ صلے علیٰ سر ننگے زہرا جائیاں نے

گھر آخر سڑدا فاطمہ دا اکھیں ویکھیاں موت نہ آئیاں نے

اوہدا وارث کوئی وی آیا نہیں
اوہدا لاشہ کسے وی چایا نہیں
جنہیں سب دیاں لاشاں چائیاں نیں

فریاد محمدؐ صلے علیٰ سر ننگے زہراؑ جائیاں نے

کوفے آکھے سکینہؑ جانواں میں
پتہ مسلمؑ دا جے پاواں میں
اوہنوں دو دو حال سناواں میں
مینوں شمر چپیڑاں لائیاں نے

فریاد محمد صلے علیٰ سر ننگے زہرا جائیاں نے

۷۸ ★ کربلا جا کے ہمیں شاہ سے کہنا ہے یہی

جن کو کھوئے ہوئے ہیں آپ کا بندہ ہے یہی

دشمن آل محمدؐ کبھی کھوئے نہ کھلے

دیکھنے والوں نے نظروں سے دیکھا ہے یہی

پانی دریا سے سکینہؑ کیلئے لا نہ سکے

اپنی تقدیر پہ عباسؑ کو ہے شکوہ یہی

کاٹتے کیوں ہو محمدؐ کے نواسے کا گلا

کیا مسلماں، مسلماں کا شیوہ ہے یہی

★ قتلِ حسین بہ کربلا

وہ عجب نظارہ تھا حشر کا
چلا کربلا سے جو قافلہ
کہیں سر کٹے، کہیں گھر لُٹے

کہیں تیر نکلے کمان سے

کہیں خون بہتا تھا کمان سے

کہیں جبرئیلؑ تھے سرنگوں

کہیں اہلِ عرش تھے بے سکون

★ ٨٠ مر گیا شیر دریا پہ جا کر رن میں کس کو پکارے گی زینب

اب نہ عباس و قاسم نہ اکبر بھائی پہ کس کو وارے گی زینب

جھولا ویران ہے گود خالی

در پہ زینب بنی ہے سوالی

آجا آجا میرے لال آجا

تیری زلفیں سنوارے گی زینب

خوبصورت تھا قتی کو لوٹا

نوجواں کی جوانی کو لوٹا

لاشِ اکبر کی مقتل سے لا دو

اُسکا صدقہ اتارے گی زینب

کربلا تو نے فتح کی بھائی
شام و کوفہ میں فتح کروں گی
بے ردا ہو کے خطبے پڑھوں گی
حوصلہ اب نہ ہارے گی زینب

★ **مومنو حیدرِ کرار کا ماتم کرلو**

★ مومنو حیدرِ کرار کا ماتم کرلو

★ لو محمدؐ کے علمدار کا ماتم کرلو

★ خاک اُڑاؤ کہ علیؑ شیرِ خدا مارے گئے

صاحبِ دُلدل اسوار کا ماتم کرلو

★ مل کے جبرئیل کو اُستاد کا پُرسہ دے دو

بازوئے احمدؐ مختار کا ماتم کرلو

★ اپنے قاتل کو دیا جس نے جامِ شیریں

کوثری جام کے مختار کا ماتم کرلو

جو کہ پانچوں میں بھی ہے بارہ اماموں میں بھی ہے

چار یاروں میں سے ایک یار کا ماتم کرلو

★ حق تعالیٰ کے لئے جس کا تھا مرنا جینا
آج اُس حق کے پرستار کا ماتم کرلو


يا زينب
السلام عليك يا زينب الكبرى
السلام عليك يا عقيلة الطالبيين

★ تڑپ کر پاس حسرت نے پکارا زینبؑ اے زینبؑ

تیرا ماں جایا مرنے کو سدھارا زینبؑ اے زینب

علی اکبرؑ نے باہیں ڈال دیں گھوڑے کی گردن میں

شقی نے زور سے نیزہ جو مارا زینبؑ اے زینبؑ

علی اکبرؑ نے ہچکی لے کے دم توڑا لو شہؑ بولے

بصارت لے گیا آنکھوں کا تارا زینبؑ اے زینبؑ

وفائے حضرتِ عباسؑ پہ بولی نہ گھبراؤ

ابھی ہے شیر سا بھائی تمہارا زینبؑ اے زینبؑ

رضا عباسؑ نے لڑنے کی جب پائی سکالے

تڑپ کر رہ گیا دریا کا دھارا زینبؑ اے زینبؑ

- شجاعت حضرتِ عباسؑ کی گھٹ گھٹ یہ بولی
بہت مجبور ہے بھائی تمہارا زینبؑ اے زینبؑ

- اسی نے چاند سے سینہ پہ ظلم کی سناں کھائی
جو تھا لیلیٰ کے جینے کا سہارا زینبؑ اے زینبؑ

- ہوا کہرام سب اہلِ حرم سر پیٹ کے روئے
دمِ رخصت جو سرور نے پکارا زینبؑ اے زینبؑ

## مومنو آج علمدار کا ماتم کرلو

- مومنو آج علمدار کا ماتم کرلو

ثانی جعفرِؑ طیّار کا ماتم کرلو

- روزِ عاشور یہ آتی تھی صدائے زہراؑ

میرے فرزند کے غمخوار کا ماتم کرلو

- تشنہ لب نہر پہ ہمشکل نبیؐ کو مارا

آج پھر حیدرؑ کرار کا ماتم کرلو

- کہتے ہیں غازی و سقائے سکینہ جس کو

فوجِ شبیرؑ کے سالار کا ماتم کرلو

- بازو کٹوا دیئے ہیں پانی کی خاطر جس نے

آؤ اس مردِ وفادار کا ماتم کرلو

## میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

جل چکا جنگل میں گھر — لٹ چکا سب مال و زر
شہروں میں ہیں دربدر — کھل چکے اب ننگے سر

میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

بازوؤں کی اب رسن — کھل چکی شاہِ زمن
سہہ چکی رنج و محن — کھا چکی دُرّے بہن

میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

سب سے جدا ہو چکی — آپ کو بھی کھو چکی
رونا تھا اور رو چکی — اشکوں سے منہ دھو چکی

میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

شاہِ غریب الدیار — آپ پہ زینبؑ نثار
چھٹتا ہے تجھ سے مزار — کیا کروں میں سوگوار

میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

اب نہ یہاں آؤ گی   آپ کو کب پاؤں گی
اس طرح غم کھاؤں گی   ہجر میں مر جاؤں گی

میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

لٹ گیا جس صبح شام   آج کا ہے کسے نام
یا شۂ عالی مقام   لیجیے میرا سلام

میرے غریب الوداع میرے شہید الوداع

★ بازو کٹا کے حیدرؑ کرار مر گیا

زینب کا بھائی شہ کا مددگار مر گیا
دریا کنارے فوج کا جرار مر گیا
لٹی فوجِ حسینیؑ کا وفادار مر گیا

لاشوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدارؑ مر گیا

سقائی کے صدقے میں لیا شیر جو بارا
لاشے پہ جواں بھائی کے یہ شہ نے پکارا
عباسؑ یہاں کون ہمیں دے گا سہارا
آنکھیں تو ذرا کھولو مرے بھائی خدارا

لاشوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدار مر گیا

بھیا مری پیری میں کمر توڑ گئے ہو
کس آس پہ مجھکو یہاں چھوڑ گئے ہو
کیا بالی سکینہؑ سے بھی منہ موڑ گئے ہو
بچوں کو تڑپتا ہوا کیوں چھوڑ گئے ہو

لاشوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدارؑ مر گیا

زینب نے خبر سن کر سکینہؑ کو بلایا
صدمہ حرم کے گھر اس کو کلیجے سے لگایا

۸۹

اک بوند بھی پانی مری بچی نے نہ پایا
اور پانی کے صدقے میں جواں بھائی گنوایا

رانڈوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدارؑ مر گیا

عباسؑ تم تو سوئے ترائی میں چین سے
منہ کو کلیجہ آتا ہے زینب کے بین سے
یہ غم اٹھے گا کیسے شہ مشرقین سے
بچھڑا ہے آج شیر سا بھائی حسین سے

رانڈوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا علمدارؑ مر گیا

پیاسوں کو پیاس اب تو بجھانا محال ہے
مقتل سے خیمہ گاہ میں جانا محال ہے
کڑیل جواں کی لاش اٹھانا محال ہے
اور رن میں شیر خوار کو لانا محال ہے

رانڈوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدارؑ مر گیا

عباسؑ کو بھی جا کے یہ پیغام سنا دو
کہتی ہے سکینہؑ میرے عمو کو بلا دو
پیاسا ہے مرا بھائی اسے پانی پلا دو
بے چین ہے اصغرؑ اسے جھولے میں سلا دو

رانڈوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدارؑ مر گیا

عباسؑ کا ماتم ہے تلوار کا ماتم
زنجیر کا ماتم ہے بیمار کا ماتم
اور آگ پہ ہے اس لٹی سرکار کا ماتم
سردار کٹے کا اسی جرار کا ماتم

رانڈوں میں غل ہے قافلہ سالار مر گیا
مشکیزہ چھد گیا ہے علمدارؑ مر گیا -

# اونچا رہے اپنا علم

اے اہلِ ماتم اہلِ غم
اونچا رہے اپنا علم

جب تک ہے دورِ آسماں — سُن لے یہ ہر پیر و جواں
اور زیرِ شبیر کے — بڑھتا رہے یہ کارواں
رُکنے نہ پائیں یہ قدم
اونچا رہے اپنا علم

ہر قلب پر چھاتے چلو — دُنیا کو بتلاتے چلو
اِک اِک محاذِ ظلم کی — تصویر دکھلاتے چلو
ہر دل میں بھر دو شہ کا غم

کب تک مانے گا کوئی — وہ وقت آئے گا کبھی
ہر قلب پر چھا جائے گا — اپنا حسینؑ ابنِ علیؑ
اس در پہ ہر سر ہوگا خم

جب بھی کوئی مشکل پڑی — دُنیا اسی در پہ جھکی
مشکل سے بل کھا کر اِدھر — اُٹھی صدائے یا علیؑ
نکلا اِدھر باطل کا دم

یہ پرچم عباسؑ کا ہے — ٹوٹے دلوں کی آس ہے
اب تک اسی پرچم تلے — زندہ کسی کی پیاس ہے
جس نے سہے لاکھوں ستم
اونچا رہے اپنا علم

**عباسؑ ہے نام وفا — آغاز و انجام وفا**

منہ موڑ کے دریا سے جو — پیاسا رہے جام وفا
ٹوٹے رہے بازو قلم

یہ کربلا کی داستاں — ہے ذرہ ذرہ سے عیاں
ہر شام آتی ہے لیئے — بے شیر کے خوں کے نشاں
ہر صبح ہے با چشم نم

وہ تیر بانی جفا — معصوم کا ننھا گلا
اسلام زندہ کر گئی — اصغر کے مرنے کی ادا
ہنس کر سہا تیر ستم

زندہ ہے ہل من کی صدا — مٹتا نہیں خوں کا لکھا
شبیرؑ کا حق کی قسم — اک معجزہ ہے کربلا
یہ سلسلہ ہوگا نہ کم

جب کربلا یاد آئے گی — انسانیت شرمائے گی
